خادم قرآن وسنت حضرت مولانا اسحاق بھٹیؒ کی یاد میں

انصر نیپالی، مرکز ابن باز الاسلامی کاٹھمانڈو نیپال

آہ ! اے اسحاق بھٹیؒ تو سراپا خاکسار
تیری رحلت سے ہوئی ہے قوم و ملت سوگوار
تیرا جینا ' تیرا مرنا ' باعث صد افتخار
مدتوں تک ہم کریں گے ' آپ جیسا انتظار
قوت ''فکر و عمل'' سے زندگی تھی آشکار
تیری خدمت ' عظمت رفتہ کی روشن یادگار
ناز سے صدق و صفاء تھے ' پیکر صبر و رضاء
عزم میں ایسی بلندی تھی کبھی مانے نہ ہار
تو مفکر ' تو مؤرخ ' تو محقق ' تو ادیب
تو مصنف ' تو صحافی' تو معلمؔ باشعار
''فکر جامد'' کا نہ حامی تھا نہ حامل وہ کبھی
بحث و حق جوئی میں حاصل تھا انہیں علمی وقار
ہم نے دیکھی ہے تیری تحریر میں ''کارمسیح''
علم و حکمت ' لفظ ' و معنیٰ ' فکر و فن ہے شاہکار
آپ نے لکھی ہے عظمت ' ''سلفیان'' از کی
''مسلکی غیرت'' تمہاری تھی متاع جانثار
آہ انصرؔ بارگاہ رب میں کرتے ہیں دعاء!